## محبّ وطن پاکستانیوں کا عوامی انقلاب پاکستان کے دروازے پر دستک دے رہا ہے، الطاف حسین

## محبّ وطن جرنیلوں پاکستان کی سلامتی اور ملک کو غیرممالک کی غلامی سے نجات دلانے کیلئے تیار ہوجائیں

## امریکی حکومت ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو پاکستان کے حوالہ کردے تو ہم ریمنڈ ڈیوس کے ہاتھوں شہید ہونے والے نوجوانوں کے لواحقین یہ درخواست کرسکتے ہیں کہ وہ ریمنڈ ڈیوس کو معاف کردیں

## اگر الطاف حسین کی بیرون ملک دولت اور جائیداد ثابت ہوجائے تو مجھے بھی سرعام پھانسی دے دی جائے

## نائن زیرو عزیز آباد میں بین الاقوامی شہرت یافتہ کرکٹر سرفراز نواز کے استقبال کیلئے آنے والے کارکنوں سے خطاب

لندن۔۔۔11فروری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ انقلاب فرانس کی طرح محبّ وطن پاکستانیوں کا عوامی انقلاب پاکستان کے دروازے پر دستک دے رہا ہے، محبّ وطن جرنیل پاکستان کو غیرممالک کی غلامی سے نجات دلانے کیلئے عوامی انقلاب میں عوام کا ساتھ دینے کیلئے تیار ہوجائیں، عالمی عدالتیں اور پاکستان کی عدلیہ ملک اور بیرون ملک میری دولت اور جائیداد کی تحقیقات کریں اگر الطاف حسین کی بیرون ملک دولت اور جائیداد ثابت ہوجائے تو مجھے بھی سرعام پھانسی دے دی جائے ۔ یہ بات انہوں نے بین الاقوامی شہرت یافتہ سابق ٹیسٹ کرکٹر سرفراز نواز کے استقبال کیلئے اپنی رہائش گاہ نائن زیرو عزیز آباد میں جمع ہونے والے ایم کیوایم کے کارکنان کے اجتماع سے ٹیلی فون پر خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی بھی موجود تھے۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے ممتاز سابق ٹیسٹ کرکٹر سرفراز نواز کی ایم کیوایم میں شمولیت کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ 63 برسوں سے پاکستان میں ظلم وجبر، ناانصافیوں اور کرپشن کا نظام جاری ہے، مہنگائی آسمان سے باتیں کررہی ہے، غربت، مہنگائی اور بے روزگاری کے باعث غریب عوام خودکشیاں کررہے ہیں اور اپنے بچوں کو فروخت کرنے پر مجبور ہیں۔ملک بھر کے غریب ہاری، کسان اور مزارعے منتظر ہیں کہ پاکستان میں جلد ایسا نظام آئے جو انہیں ظلم وجبر اور مسائل سے نجات دلا کر ان کا اور ان کی آنے والی نسلوں کا مستقبل محفوظ کرسکے۔انہوں نے کہا کہ اب صرف عالمی شہریت یافتہ کرکٹر سرفراز نواز ہی نہیں بلکہ پاکستان سے محبت کرنے اور ملک کی سلامتی وخوشحالی چاہنے والا ایک ایک فرد متحدہ قومی موومنٹ میں شامل ہونے کیلئے بے چین ہے، زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے لاکھوں افراد متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کررہے ہیں اور ملک بھر کے عوام کی ایم کیوایم میں شمولیت اس بات کا اشارہ دے رہی ہے کہ انقلاب فرانس، انقلاب ترکی، انقلاب کیوبا، انقلاب چائنا، انقلاب رشیا اور دنیا کے دیگر ممالک کی طرح محبّ وطن پاکستانیوں کا عوامی انقلاب بھی پاکستان کے دروازے پر دستک دے رہا ہے۔انہوں نے زندگی کے تمام شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو دعوت دی کہ وہ آگے آئیں، پاکستان کو بچانے اور عوام کی خوشحالی کیلئے متحدہ قومی موومنٹ میں شامل ہوکر عوامی انقلاب کیلئے ایم کیوایم سے بھرپور تعاون کریں۔انہوں نے کہا کہ قربانیوں کے بغیر نہ ملک بنتے ہیں اور نہ ہی ملک سنورتے ہیں، پاکستان کو سنوارنے اور اسے ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے ہمیں قربانیاں دینی ہونگیں۔ڈر اور خوف مسئلہ کا حل نہیں ہے بلکہ جرات اور ہمت کے ساتھ ڈٹ جانے کا عمل ہی پاکستان کے عوام کے تمام مسائل کا حل ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے وہ تمام افراد جن کے دامن صاف ہیں اور جو ملک سے کرپشن کا خاتمہ چاہتے ہیں ان سے کہتا ہوں کہ وہ ایم کیوایم میں شامل ہوں کیونکہ اب غریب عوام پر مظالم ڈھانے والوں سے حساب لینے کیلئے محبّ وطن افراد کا ایک دوسرے کے ہاتھوں میں ہاتھ ڈالنے کا وقت آپہنچا ہے۔

جناب الطاف حسین نے کہا کہ ٹیلی ویژن کے ٹاک شوز میں بعض اینکر پرسن اور مختلف جماعتوں کے نمائندے یہ سوال کرتے ہیں کہ ایم کیوایم اور الطاف حسین کس عوامی انقلاب کی بات کرتے ہیں کہ اگر عوامی انقلاب آیا تو بدعنوان لوگوں کو کھمبوں اور درختوں پر لٹکایا جائے گا۔حقیقت یہ ہے کہ جس نے قومی دولت دونوں ہاتھوں سے لوٹی ہو، اربوں کھربوں روپے کے قرضے لیکر معاف کراکر سرمایہ دار بنے، چوری چکاری کرکے بڑی بڑی جاگیریں بنائیں اور صبح شام کرپشن کرتے ہیں دراصل ان عناصر کو کھمبوں اور درختوں سے لٹکنے کا خوف لاحق ہے۔اگر کسی کا دامن کرپشن اور قومی دولت کی لوٹ مار سے پاک ہے تو اسے کس بات کا خوف ہوگا؟ ان خوف زدہ ہونے والے عناصر سے کہتا ہوں کہ انشاءاللہ جس دن پاکستان میں عوامی انقلاب آیا تو قومی دولت لوٹنے والوں سے ایک ایک پائی کا حساب لیا جائے گا اور ہم چوروں، چکوں، ڈاکوؤں اور قومی دولت لوٹنے والوں کو سرعام لٹکائیں گے اور دنیا کی کسی بھی سپر پاور کے آگے پاکستان کو لٹکنے نہیں دیں گے۔

جناب الطاف حسین نے کہا کہ آج بھی بعض لوگ سوال کرتے ہیں کہ محبّ وطن جرنیل کیا ہوتا ہے؟ میں انہیں بتانا چاہتا ہوں کہ محبّ وطن جرنیل وہ ہوتے ہیں جو پاکستان، اس کی سرحدوں اور عوام سے پیار کرتے ہیں، قومی غیرت اور سلامتی کا سودا نہیں کرتے، ملک دولخت نہیں کرتے، دشمنوں کے آگے اپنی جان دے دیتے ہیں لیکن ہتھیار ڈالنا پسند نہیں کرتے، جنہوں نے منتخب حکومت کا تختہ الٹ کر لوٹ مار کرنے والے جاگیرداروں اور وڈیروں کو حکومت میں نہیں بٹھایا۔ایسے محبّ وطن جرنیلوں، فوج کے افسران اور جوانوں سے

کہتا ہوں کہ وہ پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور ملک کو غیر ممالک کی بھیک اور غلامی سے نجات دلانے کیلئے تیار ہو جائیں اور عوام کا ساتھ دیں، اسی میں ملک اور قوم کی فلاح ہے ورنہ عوامی انقلاب میں عوام چوراچکوں اور ڈاکوؤں کا ساتھ دینے والوں کے خلاف بھی صف آراء ہونگے اور ان کا بھی احتساب کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم، پورے ملک میں امن، خوشحالی، مذہبی رواداری، فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارے کی فضا قائم کرنا چاہتی ہے، ایم کیوایم نے کراچی میں بسنے والی تمام قومیتوں کے درمیان یکجہتی کے اظہار کیلئے جلسہ قومی یکجہتی کا انعقاد کیا جس میں پنجابی، پختون، سندھی، بلوچی، سرائیکی، کشمیری، ہزاروال، گلگتی بلتستانی اور دیگر قومیتوں کے افراد نے بھرپور ساتھ دیا۔ انہوں نے کراچی میں بسنے والی تمام قومیتوں کے افراد پر زور دیا کہ وہ پاکستان کے معاشی حب کراچی میں امن کیلئے متحدہ کا ساتھ دیں، اپنے اتحاد سے کراچی میں فساد پھیلانے والوں کی سازشوں کو ناکام بنادیں اور کراچی کو دنیا کا پرامن ترین شہر بنادیں۔ انہوں نے پاکستان کے تمام سیاسی، مذہبی اور زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد سے اپیل کی کہ وہ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کرکے پاکستان کی سلامتی و بقاء اور خودمختاری کو بچالیں کہیں ایسا نہ ہو کہ بہت دیر ہو جائے۔

جناب الطاف حسین نے قومی دولت کی لوٹ مار کرکے ملک اور بیرون ملک جائیدادیں بنانے والوں کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ، قومی دولت لوٹ کر بیرون ممالک جمع کرانے والوں سے ایک ایک پائی کا حساب لے گی اور قومی خزانے سے لوٹا ہوا ایک ایک پیسہ ملک میں واپس لائے گی۔ بعض اینکر پرسن اور سیاسی و مذہبی رہنما ٹی وی ٹاک شوز میں یہ ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ دیگر سیاسی رہنماؤں کی طرح الطاف حسین کی بھی بیرون ملک دولت اور جائیداد ہے۔ میں بین الاقوامی عدالت اور پاکستان کی عدلیہ سے اپیل کروں گا کہ وہ پاکستان اور پاکستان سے باہر الطاف حسین کی دولت اور جائیداد کی تحقیقات کرائیں اگر بیرون ملک میری دولت اور جائیداد کی موجودگی ثابت ہوجائے تو الطاف حسین کو بھی سرعام پھانسی دی جائے۔ جو سیاسی و مذہبی رہنماء اور بعض اینکر پرسن عالمی عدالت اور پاکستان کی عدلیہ کے سامنے یہ الزام ثابت نہ کرسکیں تو پھر وہ بھی چور، اچکوں اور قومی دولت لوٹنے والوں میں شمار کئے جائیں گے اور ان کا بھی عوامی احتساب ہوگا۔

جناب الطاف حسین نے کہا کہ امریکی حکومت کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ریمنڈ ڈیوس کا کیس پاکستان کی عدالت میں ہے، عدالت کے فیصلے کا انتظار کیا جائے اور خدارا! پاکستان پر دھونس دھمکی اور دباؤ کا سلسلہ بند کیا جائے ورنہ پاکستانی قوم، ملک اور قومی غیرت بچانے کیلئے اپنی جانیں قربان کردیں گے لیکن کسی کی غلامی قبول نہیں کریں گے۔ اگر امریکی حکومت، قوم کی بیٹی ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو پاکستان کے حوالہ کردے تو ہم ریمنڈ ڈیوس کے ہاتھوں شہید ہونے والے نوجوانوں کے لواحقین کے ہاتھ پیر جوڑکر ان سے خون بہا لینے کی بات کرکے یہ درخواست کرسکتے ہیں کہ وہ ریمنڈ ڈیوس کو معاف کردیں۔ انہوں نے سرفراز نواز کی ایم کیوایم میں شمولیت پر رابطہ کمیٹی سمیت ایم کیوایم کے تمام ذمہ داروں، کارکنوں اور ہمدردوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے سرفراز نواز کو تلقین کی کہ وہ تنظیمی نظم وضبط کو سمجھیں، تنظیمی نظم وضبط کی سختی سے پابندی کریں، ایمانداری سے کام کریں اور خود کو بادشاہ یا حاکم سمجھنے کے بجائے تحریک کا ادنی کارکن اور عوام کا خادم سمجھیں کیونکہ ہم اپنی انا کے بتوں کو ختم کرکے ہی ملک کو چوروں، لٹیروں اور ڈاکوؤں سے نجات دلا سکتے ہیں۔ انہوں نے ایم کیوایم کے حق پرستانہ پیغام کے فروغ کیلئے تعاون کرنے پر پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے مالکان، نمائندوں، اینکر پرسن، دانشوروں اور تجزیہ نگاروں کو سلام تحسین پیش کیا۔

## مصر میں تاریخی عوامی انقلاب برپا ہونے پر مصر سمیت پوری دنیا کے انقلاب پسند عوام کو الطاف حسین کی زبردست مبارکباد

## پاکستان کے عوام انقلاب مصر کی طرح انقلاب کیلئے تیار ہوجائیں۔ الطاف حسین

## مصر میں برپا ہونیوالا تاریخی انقلاب نہ صرف دنیائے عرب بلکہ پاکستان سمیت پوری دنیا کے محروم ومظلوم عوام کیلئے ایک مشعل راہ کی حیثیت رکھتا ہے

## غریب عوام کو غلام بنا کر رکھنے والے اور ملک کو لوٹ کر اپنی جائیدادیں بنانے والے جاگیرداروں، وڈیروں، سرداروں اور سرمایہ داروں کو اب سمجھ لینا چاہیے کہ پاکستان میں بھی عوامی انقلاب ملک کا مقدر بن چکا ہے

لندن۔۔۔ 11 فروری 2011ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مصر میں تاریخی عوامی انقلاب برپا ہونے پر مصر سمیت پوری دنیا کے انقلاب پسند عوام کو دل کی گہرائیوں سے زبردست مبارکباد پیش کی ہے اور پاکستان کے عوام سے کہا ہے کہ وہ انقلاب مصر کی طرح انقلاب کیلئے تیار ہوجائیں۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ مصر کے انقلابی عوام نے اپنی پرامن جدوجہد کے ذریعے جو تاریخی انقلاب برپا کیا ہے وہ نہ صرف دنیائے عرب بلکہ پاکستان سمیت پوری دنیا کے محروم ومظلوم عوام کیلئے ایک مشعل راہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کے ہر انقلابی کو، ہر انقلاب پسند انسان کو مصر میں برپا ہونے والا یہ پرامن عوامی انقلاب مبارک ہو۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ دنیا میں نظام کی تبدیلی کیلئے اٹھنے والی عوام کی آواز کو اب طاقت کے ذریعے دبایا نہیں جاسکتا، پاکستان پر گزشتہ 63 برسوں سے ملک کے غریب عوام کو غلام بنا کر رکھنے والے، قرضے لے لیکر ہڑپ کرنے اور ملک کو لوٹ کر اپنی جاگیریں اور جائیدادیں بنانے والے جاگیرداروں، وڈیروں، سرداروں اور سرمایہ داروں کو ابھی ب سمجھ لینا چاہیے کہ پاکستان میں بھی عوامی انقلاب ملک کا مقدر بن چکا ہے اور اب اس انقلاب کو آنے سے روکا نہیں جاسکتا۔

## اپنے مطالبات کے حق میں پرامن احتجاج کرنے والے پی آئی اے کے ملازمین پر پولیس اور دیگر افراد کے بہیمانہ تشدد، لاٹھی چارج اور گرفتاریاں قابل مذمت ہیں۔الطاف حسین

### اپنے مطالبات کے حق میں پرامن احتجاج کرنا پی آئی اے ملازمین کا آئینی وقانونی اور جمہوری حق ہے

### پی آئی اے ملازمین کے پرامن احتجاج کوتشدد کے ذریعے کچلنے کے بجائے انکی بات سنی جائے اور معاملے کوطاقت کے بجائے بات چیت اورافہام وتفہیم کے ذریعے جلدازجلد حل کیا جائے۔ جناب الطاف حسین

### پی آئی اے کے ملازمین پرلاٹھی چارچ، وحشیانہ تشدداور بہیمانہ سلوک کا فوری نوٹس لیاجائے، تشددمیں ملوث افراد کے خلاف کارروائی کی جائے اورگرفتار کئے جانے والے ملازمین کوفی الفوررہا کیاجائے

### تشدد کے نتیجے میں زخمی ہونیوالے پائلٹ، ایئرہوسٹسز، انجینئرزاوردیگرشعبوں سے وابستہ ملازمین سے الطاف حسین کااظہار ہمدردی

لندن۔۔۔ 11 فروری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی ایئرپورٹ پر اپنے مطالبات کے حق میں پرامن احتجاج کرنے والے پی آئی اے کے ملازمین پر پولیس اوردیگر افراد کے بہیمانہ تشدد، لاٹھی چارج اور گرفتاریوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے ۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ پی آئی اے کے پائلٹ، ایئرہوسٹسز انجینئرزاوردیگرشعبوں سے وابستہ ملازمین چندروز سے اپنے مطالبات کے حق میں پرامن احتجاج کررہے ہیں جوان کا آئینی وقانونی اورجمہوری حق ہے لیکن انکے پرامن احتجاج کوکچلنے کیلئے انتظامیہ کی جانب سے طاقت کا استعمال کیاجارہاہے، دوروز پہلے اے ایس ایف کے ذریعے ان ملازمین پرتشدد کیاگیا اورآج ایک بار پھر پولیس اورانتظامیہ کے حامی افرادنے اپنے مطالبات کے حق میں پرامن احتجاج کرنے والے پی آئی اے کے نوجوان وبزرگ ملازمین حتیٰ کہ خواتین پر اچانک حملہ کرکے انہیں جس بہیمانہ طریقے سے تشدد کا نشانہ بنایااوران کے ساتھ جو بہیمانہ سلوک کیاگیا، ایم کیوایم اس کی شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہاکہ تشدداورظلم وبربریت کا یہ طرزعمل کسی بھی طرح نہ تو پی آئی اے کے مفاد میں ہے، نہ ملک کے مفاد میں ہے اورنہ ہی یہ جمہوری تقاضوں کے مطابق ہے۔انہوں نے کہا کہ پی آئی اے ملازمین کے پرامن احتجاج کوتشدد کے ذریعے کچلنے کے بجائے ان کی بات سنی جائے اورمعاملے کوطاقت کے بجائے بات چیت اورافہام وتفہیم کے ذریعے جلدازجلدحل کیاجائے۔ جناب الطاف حسین نے صدرآصف زرداری اوروزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ پی آئی اے کے ملازمین پر پولیس اوردیگرافراد کے لاٹھی چارچ، وحشیانہ تشدداور بہیمانہ سلوک کا فوری نوٹس لیاجائے، تشددمیں ملوث افراد کے خلاف کارروائی کی جائے اورگرفتار کئے جانے والے ملازمین کوفی الفوررہا کیاجائے ۔انہوں نے تشدد کے نتیجے میں زخمی ہونیوالے پی آئی اے ملازمین سے دلی ہمدردی اوریکجہتی کااظہارکیا۔

## کراچی، حیدرآباداورنوابشاہ میں ریلوے ٹریک پرہونے والے دھماکوں پرایم کیوایم کے قائدالطاف حسین کااظہارمذمت

### دہشت گردعناصراپنی دہشت گردیوں کے ذریعے پورے ملک میں افراتفری اورعدم استحکام پیداکرنے کی کوشش کررہے ہیں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔11فروری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے کراچی، حیدرآباداورنوابشاہ میں ریلوے ٹریک پرہونے والے دھماکوں کی شدیدالفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہاکہ چندروزقبل بھی کراچی میں تھانوں پر بم دھماکے کئے گئے اورآج کراچی، حیدرآباداورنوابشاہ میں ریلوے ٹریک کوبموں سے اڑانے کی کوشش کی گئی۔انہوں نے کہاکہ دہشت گردعناصراپنی دہشت گردیوں کے ذریعے پورے ملک میں افراتفری اورعدم استحکام پیداکرنے کی کوشش کررہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیاکہ دہشت گردوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اورعوام کی جان ومال کے تحفظ کیلئے اقدامات کئے جائیں۔انہوں نے دھماکوں کے زخمیوں سے دلی ہمدردی کااظہارکیااورانکی جلدصحتیابی کی دعاکی۔

## ایم کیوایم پاکستان کی سیاست میں تھرڈ آپشن کے طور پر تیزی کے ساتھ سامنے آرہی ہے

## سرفراز نواز کی ایم کیوایم میں شمولیت پاکستان کے عوام کی دلوں کی آواز ہے، ڈاکٹر فاروق ستار

## مجھے ایک ایسی پارٹی کی ضرورت تھی جو کرپشن کا خاتمہ اورعوام کی خدمت کرے

## غریبوں کے انقلاب کیلئے میں جناب الطاف حسین کے شانہ بشانہ چلوں گا، سرفراز نواز

## ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر ڈاکٹر فاروق ستار اور سرفراز نواز کی میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو

کراچی۔۔(اسٹاف رپورٹر)... عالمی شہرت یافتہ سابق ٹیسٹ کرکٹر سرفراز نواز نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کو اپنا قائد ماننے کا اعلان کردیا ہے جبکہ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ ایم کیوایم پاکستان کی سیاست میں تھرڈ آپشن کے طور پر تیزی کے ساتھ سامنے آرہی ہے، سرفراز نواز کی ایم کیوایم میں شمولیت بھی اس امر کی غمازی کرتی ہے سرفراز نواز کی ایم کیوایم میں شمولیت پاکستان کے عوام کی دلوں کی آواز ہے۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کی شام ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر سرفراز نواز کی آمد اور ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے نائن زیرو آمد پر سرفراز نواز کو شاندار الفاظ میں خوش آمدید کرتے ہوئے کہا کہ سرفراز نواز نے گزشتہ دنوں متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کی اور آج یہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیرو آئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سرفراز نواز گزشتہ چار سالوں سے قائد تحریک جناب الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کے ارکان کے رابطے میں تھے اس دوران انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی شخصیت ان کے نظریہ، فکر، فلسفہ اور پیغام کو اچھی طرح سمجھا اور پرکھا، ایم کیوایم کی کارکردگی کو بغور دیکھا اور اس سے متاثر ہوکر باقاعدہ ایم کیوایم میں شمولیت کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس مرحلے پر جبکہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک میں غریبوں کا انقلاب لانے، جاگیرداروں اور وڈیروں کے فرسودہ نظام کا خاتمہ چاہتے ہیں۔ ہم سرفراز نواز کی ایم کیوایم میں شمولیت پر انہیں خوش آمدید کہتے ہیں، ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ سرفراز نواز کا اپنا ایک حلقہ اثر ہے یہ پاکستان اور اس کے سب سے بڑے صوبے پنجاب کے فرزند ہیں ان کی شمولیت سے ہمیں بھی ایک نیا حوصلہ اور بڑی توانائی ملی ہے اور ہمارا خون بھی سیروں بڑ گیا ہے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے توقع ظاہر کی کہ سرفراز نواز ملک اور پنجاب کے گھر گھر جاکر قائد تحریک جناب الطاف حسین کا پیغام پہنچائیں گے اور ایم کیوایم کو پنجاب کی سب سے بڑی جماعت بنانے میں اپنا کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے عوام غریبوں کا انقلاب اور ان کی حکمرانی چاہتے ہیں وہ چاہتے ہیں کہ ملک سے غربت، مہنگائی اور لوڈ شیڈنگ کا خاتمہ ہو اور دو فیصد مراعات یافتہ طبقے سے پاکستان کے عوام کی جان چھڑائی جائے۔ سرفراز نواز بھی اسی عزم کے ساتھ ایم کیوایم میں شامل ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سرفراز نواز پہلی مرتبہ نائن زیرو آئے ہیں ہم ان کی آمد پر ان کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ریمنڈ ڈیوس کے معاملے پر الطاف حسین کے واضح بیان موجود ہیں ہماری عدالتیں آزاد اور خودمختار ہیں ہم سمجھتے ہیں کہ انصاف ہوگا اور ہونا بھی چاہئے۔ الطاف حسین ملک میں ایک ایسا انقلاب لانا چاہتے ہیں کہ پاکستان خودمختار ہو، پاکستان کے عوام خودمختار ہوں گے تو پاکستان بھی خودمختار ہوگا۔ آج کے دور میں اگر کوئی آزادی ہے تو وہ معاشی اور اقتصادی آزادی ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سرفراز نواز نے کہا کہ آج مجھے نائن زیرو آنے کی جس محبت سے دعوت دی گئی ہے اور استقبال کیا گیا ہے ایسا لگتا ہے کہ میں اپنے ایک اور گھر آگیا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میں چار سال سے دیکھ رہا تھا کہ ایم کیوایم غریبوں اور متوسط طبقے کیلئے آواز اٹھا رہی ہے، ایم کیوایم کے وزراء پارلیمنٹ میں ان کیلئے آواز بلند کررہے ہیں، میں نے رابطہ کمیٹی کو بھی دیکھا یہ سب لوگ عوام سے محبت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں جاگیرداروں اور وڈیروں نے لوٹ مار مچارکھی ہے، عوام کو ان کے چنگل سے چھڑانے کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین آواز بلند کررہے ہیں، جناب الطاف حسین ایک کرپشن فری پاکستان چاہتے ہیں جہاں عوام کی حکمرانی ہو اور غریبوں کی آواز سنی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں جب بھی الیکشن کا مسئلہ آتا ہے تو ہم دیکھتے ہیں کہ ایم کیوایم میں نہ ٹکٹ بکتا ہے نہ خریدا جاتا ہے، کشمیر اور گلگت میں ایم کیوایم کے عوامی نمائندے موجود ہیں ہمیں ملک بھر میں اکثریت لینی ہے ایک دن آئے گا جب وزیراعظم ایم کیوایم کا ہوگا۔ مجھے ایک ایسی پارٹی کی ضرورت تھی جو کرپشن کا خاتمہ اور عوام کی خدمت کرے، جب میں پنجاب اسمبلی کا رکن تھا تو کرپشن کیخلاف آواز بلند کرنے پر مجھے ختم کی کوشش کی گئی میرے جسم پر 22 زخم آئے لیکن میں نے ہار نہیں مانی، اس سے قبل میں اکیلا ہی عوام کی جنگ لڑ رہا تھا لیکن چار سال سے الطاف حسین کو بھی دیکھ رہا تھا ایم کیوایم کی شکل میں ایک امید کی کرن نظر آئی ہے، غریبوں کے انقلاب کیلئے میں جناب الطاف حسین کے شانہ بشانہ چلوں گا۔ پنجاب میں ایم کیوایم کی ایک نئی روح عوام میں آئے گی اور پھر یہ روح پورے پاکستان میں پھیل جائے گی اور ہم الطاف حسین کو کامیاب کرائیں گے۔ انہوں نے اپنا تعارف کراتے ہوئے عالمی شہرت یافتہ سابق کرکٹر سرفراز نواز نے کہا کہ میں موزنگ لاہور کا رہنے والا ہوں، آرائیں فیملی سے میرا تعلق، ہزار سال سے میرے آباؤ اجداد یہاں آباد رہے ہیں، میں پنجاب میں امپورٹیڈ نہیں لوکل ہوں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ میں ایک رن دے کر سات وکٹ لینے کا ریکارڈ رکھتا ہوں اب میں یہاں آگیا ہوں تو دس کی دس وکٹیں لیکر دکھاؤں گا۔

## بین الاقوامی شہرت یافتہ سابق کرکٹر سرفراز نواز کا دورہ نائن زیرو

## نائن زیرو آمد پر سرفراز نواز کا شاندار استقبال، رابطہ کمیٹی کے اراکین مکا چوک سے لیکر نائن زیرو پہنچے

## رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز و اراکین رابطہ کمیٹی سے ملاقات

## سرفراز نواز کی ایم کیو ایم میں شمولیت سے اب ایک فیصلہ کن جدوجہد کا آغاز ہوگیا ہے، ڈاکٹر فاروق ستار

## غریب لوگوں کو انصاف فراہم کرنا ہے اور میں جناب الطاف حسین کا مشن لیکر چلوں گا، سرفراز نواز

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر) 11، فروری 2011ء

بین الاقوامی شہرت یافتہ سابق ٹیسٹ کرکٹر اور ملک کی سیاسی وسماجی شخصیت سرفراز نواز نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کے بعد جمعہ کی شام ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد کا دورہ کرکے ایم کیو ایم میں شمولیت اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کو اپنا قائد ماننے کا باقاعدہ اعلان کیا۔اس سے قبل سرفراز نواز نائن زیرو پہنچے تو ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار، انیس احمد قائمخانی، اراکین رابطہ کمیٹی، حق پرست منتخب عوامی نمائندوں نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اور مکا چوک سے جلوس کی شکل میں نائن زیرو تک لائے۔اس موقع پر کارکنان نے ''ویلکم ویلکم سرفراز بھائی ویلکم'''' کون کرے گا رہنمائی الطاف بھائی الطاف بھائی'''' جہاں رہتا ہے نیشن ہیرو، نائن زیرو نائن زیرو'''' جاگیردار، وڈیرہ نہ نواب بس الطاف الطاف'''' وہ دور ہے تو کیا ہوا دلوں میں بسا ہوا'' اور دیگر پرجوش نعرے لگائے جن کا سلسلہ کافی دیر تک جاری رہا۔ بعدازاں سرفراز نواز نے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینیز ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات کی۔ ملاقات آڈھے گھنٹے جاری رہی۔اس موقع پر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ سرفراز نواز کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اس بات کا ثبوت ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ اور نظریہ سچائی پر مبنی ہے، سرفراز نواز کی ایم کیو ایم میں شمولیت سے اب ایک فیصلہ کن جدوجہد کا آغاز ہوگیا ہے، اب پورے زوروشور کیساتھ صوبہ پنجاب، صوبہ خیبر پی سمیت ملک بھر میں حق پرست پیغام فروغ پائے گا، ایم کیو ایم میں آجانے کے بعد لوگوں کو محبت اور گھر جیسا ماحول ملتا ہے اور سرفراز نواز کی شمولیت سے پنجاب میں جن لوگوں کو فیصلہ کرنے میں دشواری ہورہی تھی وہ بھی اب ایم کیو ایم حصہ بن جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ سرفراز نواز کا ایک مقام ہے اور ایسی شخصیت جس کا نام ہو اس کی حقوق کی جدوجہد میں شمولیت سے لوگوں پر اچھا اور مثبت اثر پڑے گا۔اس موقع پر سرفراز نواز نے رابطہ کمیٹی کے اراکین سے بات چیت کرتے ہوئے نائن زیرو پر شاندار استقبال کرنے پر دلی تشکر کا اظہار کیا اور کہا کہ میرے قائد تحریک جناب الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی سے 4 برس سے رابطے ہیں، ایم کیو ایم کا کوئی بھی جلسہ ہوتا تھا تو میں اس پر اپنے تاثرات ضرور دیتا تھا۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کا سلوگن کرپشن فری پاکستان ہے، جاگیرداروں نے ملک کو پٹے پر رکھا ہوا ہے یہ چیزیں ختم کرنی ہے، غریب لوگوں کو انصاف فراہم کرنا ہے اور میں جناب الطاف حسین کا مشن لیکر چلوں گا۔

☆☆☆☆☆